# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**

**Date: 11-August-2026**

**Time: 12:30/PM**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

منگل ملن

نیشنل ڈیموکریٹک الائنس پارلیمانی پارٹی کی ہفتہ وار میٹنگ 'منگل ملن' آج پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں وزیر اعظم نریندر مودی، وزیرِ داخلہ امت شاہ، بی جے پی صدر نتن نابین سمیت دیگر این ڈی اے رہنماؤں نے شرکت کی۔ اس موقع پر لیڈروں نے قومی پرچم ترنگا لہرا کر قومی جذبے کا اظہار کیا۔

پارلیمنٹ بل

پارلیمنٹ نے ٹیکسیشن اور دیگر قوانین میں ترمیمی بل 2026 منظور کرلیا ہے۔ راجیہ سبھا نے بحث کے بعد بل لوک سبھا کو واپس بھیج دیا، جہاں اسے پہلے ہی منظور کیا جا چکا ہے۔ وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ بل کا مقصد ملک میں مینوفیکچرنگ کو فروغ دینا، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع بڑھانا ہے۔ بل کے تحت سرکاری سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری سے حاصل سود پر بعض غیر ملکی اداروں کو انکم ٹیکس سے چھوٹ دی گئی ہے۔ مخصوص ڈیٹا سینٹرز سے خدمات حاصل کرنے والی بعض غیر ملکی کمپنیوں کے لیے بھی ٹیکس رعایت تجویز کی گئی ہے۔ وزیرِ خزانہ نے واضح کیا کہ یو پی آئی صارفین پر کوئی ٹیکس یا چارج عائد نہیں ہوگا۔

ای۔ویزا

حکومت نے مزید 11 بین الاقوامی داخلی مراکز کو ای ویزا رکھنے والے غیر ملکی شہریوں کیلئے بھارت میں داخلے کی اجازت دے دی ہے۔ وزارتِ داخلہ کے مطابق ان میں 9 زمینی اور 2 ہوائی اڈے شامل ہیں، جن میں بھوپال اور تروپتی کے ہوائی اڈے جبکہ اٹاری اور اگرتلا کے زمینی مراکز بھی شامل ہیں۔ تازہ اضافے کے بعد ایسے مراکز کی مجموعی تعداد 88 ہوگئی ہے۔ وزارت کے مطابق تقریباً 95 فیصد ای۔ویزا درخواستوں پر 72 گھنٹوں سے کم وقت میں کارروائی کی جاتی ہے۔

وزیراعلیٰ

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے سری نگر میں Icons Against Drugs and Dopping' مہم کا آغاز کیا۔ معروف کرکٹرز، فٹبالرز اور پدم ایوارڈ یافتہ شخصیات نے مہم کی مشعل تھام کر جموں وکشمیر بھر میں منشیات اور ڈوپنگ کے خلاف پیغام عام کرنے کا عزم ظاہر کیا۔ اپنے ایک سوشل میڈیا پیغام میں وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ منشیات اور ڈوپنگ کے خلاف جدوجہد محض نعرہ نہیں بلکہ صحت مند زندگی کیلئے روزانہ کا انتخاب ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے مزید مواقع پیدا کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔

راجوری

حکومت نے راجوری میں واقع تاریخی 'لاہ والی باؤلی' کی جامع بحالی اور تحفظ کے لیے پانچ کروڑ 78 لاکھ روپے کی منظوری دی ہے۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر سے جاری ایک سوشل میڈیا پیغام میں بتایا گیا کہ اس منصوبے کے تحت تاریخی سیڑھی دار کنویں کے قدیم طرزِ تعمیر کو بحال کیا جائے گا اور اس کے ورثے کو محفوظ رکھا جائے گا۔ حکام کے مطابق اس اقدام سے مقامی ثقافتی شناخت کو فروغ ملنے کے ساتھ ساتھ ضلع میں سیاحوں کی آمد میں بھی اضافہ ہوگا۔

ترنگا میٹنگ

ڈویژنل کمشنر کشمیر اور محکمہ ثقافت جموں وکشمیر کے پرنسپل سیکریٹری نے ترنگا ریلی اور یومِ آزادی 2026 کی تقریبات کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک میٹنگ کی مشترکہ صدارت کی۔ میٹنگ میں 12 ر اگست کو ہونے والی ترنگا ریلی اور یومِ آزادی کی تقریبات کو کامیاب بنانے کے لیے مختلف محکموں کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران کو تمام انتظامات مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی۔

ڈی سی کپوارہ

''ہر گھر ترنگا''مہم کے تحت کپواڑہ ضلع میں مختلف حب الوطنی اور بیداری پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے کی قیادت میں کل ہفتھ راڈہ،تراتھ پورہ میں ترنگا ریلی نکالی گئی،جس میں فوجی اہلکار،افسران اور مقامی لوگ شریک ہوئے۔

مہم کے تحت ٹاؤن ہال کپواڑہ میں کوئز مقابلہ بھی ہوا۔ضلع بھر میں ریلیاں،میراتھن اور دیگر پروگرام بھی منعقد ہوئے۔

اس بیچ کمشنر موصوف نے خواتین کیلئے اسکل سینٹر کا افتتاح کیا۔بھارتی فوج اور ضلع انتظامیہ کے اشتراک سے قائم اس سینٹر میں خواتین کو سلائی اور دیگر ہنر کی تربیت دی جائے گی۔

گاندربل مہم

ضلع گاندربل میں 'ہر گھر ترنگا' مہم جوش و خروش سے جاری ہے،جس میں طلباء،نوجوان،سرکاری ملازمین اور عام شہری بھرپور شرکت کررہے ہیں۔

مختلف مقامات پر 'ہر گھر ترنگا' قومی ترانے کی اجتماعی پیشکش اور ترنگا ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔مہم کا مقصد قومی پرچم کی اہمیت،قومی یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔ضلع میں یہ مہم 17 اگست تک جاری رہے گی،جس دوران سائیکلوتھون، صفائی مہم اور دیگر پروگرام منعقد ہوں گے۔

پولیس کارروائی

جموں و کشمیر پولیس نے وادی کے مختلف اضلاع میں غیر قانونی کان کنی کے خلاف کارروائی میں 33 گاڑیاں اور بھاری مشینری ضبط کی ہیں۔یہ کارروائیاں گاندربل، شوپیاں، پلوامہ، بارہمولہ اور سوپور میں کی گئیں۔

پولیس کے مطابق یہ گاڑیاں اور مشینری معدنیات کے غیر مجاز استخراج اور نقل و حمل میں استعمال ہورہی تھیں۔ متعلقہ محکمہ جیولوجی اینڈ مائننگ کے ساتھ مل کر قانونی کارروائی جاری رکھے ہوئے ہے۔

زلزلہ

کولمبیا میں کل آئے شدید زلزلے میں ابتدائی اطلاعات کے مطابق ہلاکتوں کی تعداد 132 ہوگئی ہے، جبکہ سینکڑوں افراد زخمی ہوئے ہیں۔ زلزلے کی شدت سات اعشاریہ چار بتائی جارہی ہے۔ مرنے والوں کی تعداد مزید بڑھ جانے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔

سینکڑوں عمارتوں کو نقصان پہنچا اور کئی افراد ملبے تلے دب گئے۔ حکومت نے ملک میں ایمرجنسی نافذ کردی ہے، جبکہ امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق زلزلے کا مرکز دارالحکومت بوگوٹا سے تقریباً 400 کلومیٹر دور چوکون کے علاقے میں تھا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ